ABC Certified Daily AWAMI SINDH Larkano

روزاني

ايڊيٽر: سبحان علي کوسو

# عوامي سنڌ

چيف ايڊيٽر: مڪيش ڪمار روپيتا

لاڙڪاڻو

(جلد09) خميس 20 جولاء 2023 ع. 01 محرم الحرام 1445 هه ( شمارو 182) قيمت 10 روپيا

ABC Certified Daily AWAMI SINDH Larkano

روزاني

ايڊيٽر: سبحان علي کوسو

عوامي سنڌ

چيف ايڊيٽر: مڪيش ڪمار روپيتا

لاڙڪاڻو

(جلد09) خميس 20 جولاء 2023 ع. 01 محرم الحرام 1445 هه ( شمارو 182) قيمت 10 روپيا



ڳڙهي ياسين: وفاقي محتسب سکر محمود علي شاهه صحافي حبيب الله ڪمبوهه جي شڪايتن تي ٻڌڻي ڪري رهيو آهي

## ڳڙهي ياسين: صحافي حبيب الله ڪمبوهه جي وفاقي محتسب سکر سان ملاقات، داخل ڪيل شڪايتن تي ٻڌڻي به ٿي

سوئي سدرن گيس شڪارپور ۽ ٻين مسئلن تي ٻڌڻي بعد شڪايتن جو فوري طور تي ازالو ڪيو ويو

### شڪايتن تي عمل ڪيو ويندو، نه ٿي صورت ۾ عمل درآمد نه ڪرڻ جو ڪيس وفاقي محتسب ڏانهن اماڻيو ويندو: محمود علي شاهه

ڳڙهي ياسين (حبيب الله ڪمبوهه) ريجنل آفيس سکر جي انچارج وفاقي محتسب سيد محمود علي شاهه ٻارڻ سينيئر صحافي حبيب الله ڪمبوهه جي ملاقات جنهن ۾ داخل ڪيل شڪايتن جي ٻڌڻي ڪئي، جنهن ۾ سوئي سدرن گيس شڪارپور ۽ ٻيا علائقا شامل هئا. سڀني شڪايتن جو فوري طور تي ازالو ڪيو ويو ۽ /ڏسو صفحو 2بقايا نمبر 02

## بقايا 02

ڪجهه فيصلا ڪندي لاڳاپيل کاتن جي نمائندن کي هدايت ڪئي ته متاثرن جي شڪايتن جو جلد از جلد ازالو ڪيو وڃي ۽ کين هدايت ڪئي ته ناانصافي نه ڪئي وڃي ٻي صورت ۾ اهڙن ماڻهن خلاف ڪارروائي ڪئي ويندي. سيد محمود علي شاهه درخواستگذارن جي شڪايتن جو فيصلو ڪيو ۽ يقين ڏياريو ته جيڪڏهن شڪايتن تي عمل ڪيو ويندو ٻي صورت ۾ عمل درآمد نه ڪرڻ جو ڪيس وفاقي محتسب ڏانهن اماڻيو ويندو ۽ حڪم جي ڀڃڪڙي ڪندڙ آفيسرن خلاف ڪارروائي جي درخواست ڪئي ويندي شڪارپور جي سينئر صحافي حبيب الله ڪمبوهه جي محتسب اعلي محمود علي شاهه سان اهم ملاقات جنهن ۾ بجلي ۽ سئي گيس جا واڌو بلن بابت ڳالهه ٻولهه ڪئي وئي جنهن ۾ عوام جي لاءِ هر دم دروازا کليل آهن ۽ هو پنهنجا بل اسان وٽ ڪئي اچن ۽ عوام سان اسان جو ڀرپور تعاون رهندو آيو آهي ۽ رهندو ملاقات دوران عوام پنهنجون شڪايتون ڪئي آيا جنهن ۾ رفيع حسين سيمجو سميت ڪيترن جا ٿي مسئلا حل ڪيا ويا

پاکستان کے چھوٹے بڑے شہروں میں پڑھا جانے والا واحد اخبار

JRY NEWS

Daily JRY Islamabad

روزنامہ
# جے آر وائے

چیف ایگزیکٹو
چوہدری اشفاق میو

چیف ایڈیٹر
رانا جاوید اکرم

اسلام آباد
پاکستان

ایڈیٹر: چوہدری محبوب میو

گروپ ایڈیٹر
ایمان فاطمہ

سب ایڈیٹر
وانیہ شہزادی


E-PAPER


مومنو! اگر کوئی فاسق تمہارے پاس کوئی خبر لے کر آئے تو خوب تحقیق کر لیا کرو ایسا نہ ہو کہ کسی قوم کو نادانی سے نقصان پہنچا دو۔ پھر تم کو اپنے کیے پر نادم ہونا پڑے گا

سورۃ الحجرات آیت نمبر 7

جلد نمبر 2 | جمعرات یکم محرم الحرام 1445ھ 20 جولائی 2023ء | صفحات 4 | قیمت 15 | شمارہ نمبر 160







## سید محمود علی شاہ نے ایک بیوہ کی فیملی پنشن حاصل کرنے میں مدد کی۔

## محترمہ سندر بی بی کا شوہر سکھر الیکٹرک پاور کمپنی میں بطور فورمین کام کرتا تھا

بیورو چیف (حضور بخش سومرو) سید محمود علی شاہ، انچارج، وفاقی محتسب ریجنل آفس سکھر نے ایک بیوہ کی فیملی پنشن حاصل کرنے میں مدد کی۔ محترمہ سندر بی بی کا شوہر سکھر الیکٹرک پاور کمپنی میں بطور فورمین کام کرتا تھا۔ سیپکو نے بیوہ کو اصل فیملی پنشن نہیں دی تھی اس لیے وہ 2000 روپے نکال رہی تھی۔ 27621 کی انکوائری کے بعد سیپکو کو ایکیوئل فیملی پنشن بحال کرنے کا حکم دیا گیا۔ بیوہ کو 41080 روپے اور پنشن کے بقایاجات بھی دیئے گئے۔

MEMBER A.P.N.S — 1945ء سے بہاول پور کا قدیم ترین کثیر الاشاعت اخبار — MEMBER C.P.N.E

Email:daily_kainat_bwp@hotmail.com

Daily KAINAT Bahawalpur

بانی: ولی اللہ اوحد (مرحوم)

چیف ایڈیٹر نسیم اختر

روزنامہ کائنات بہاولپور

نیوز ایڈیٹر ولی اللہ اوحد (ثانی)

ڈپٹی نیوز ایڈیٹر شاہ رخ خان

رجسٹرڈ ایم نمبر 33

ایڈیٹر: اسامہ عباسی — مینجنگ ایڈیٹر: احمد علی بلوچ

| جلد نمبر | بروز جمعرات یکم محرم الحرام 1445ھ 20 جولائی 2023ء (قیمت 12 روپے) | شمارہ نمبر |
|---|---|---|
| 78 | فون نمبر 062-2506082/0300-6800366 | 154 |

# شکیل احمد خان یوسف ذئی اور باسط عزیز خان کا ایس ای آفس چشتیاں کا دورہ

## شکیل احمد خان یوسفذئی اور باسط عزیز خان کمشنر IRD نے چشتیاں ضلع بہاولنگر میں کھلی کچہری لگائی

## لوگوں کی وفاقی محکموں کی بدانتظامی کے خلاف دائر کی گئی 108 شکایات کو متعلقہ محکموں کے افسران کی موجودگی میں سنا

بہاول پور (پ ر) انوسٹی گیشن آفیسر وفاقی محتسب آفس بہاولپور شکیل احمد خان یوسف ذئی اور باسط عزیز خان کمشنر IRD نے گذشتہ روز میپکو کے ایس ای آفس چشتیاں ضلع بہاولنگر کا OCR پروگرام کے تحت دورہ کیا۔ تفصیلات کے مطابق۔ شکیل احمد خان یوسف ذئی اور باسط عزیز خان کمشنر IRD نے 19 جولائی 2023 بروز بدھ، چشتیاں ضلع بہاولنگر میں OCR پروگرام کے تحت کھلی کچہری لگائی اور لوگوں کی وفاقی محکموں کی بدانتظامی کے خلاف دائر کی گئی 108 شکایات کو متعلقہ محکموں کے افسران کی موجودگی میں سنا اور موقعہ پر ہی ریلیف دینے کے احکامات صادر کیے۔ انہوں نے میپکو کے صارفین کو 1,50,000/- ایک لاکھ پچاس ہزار روپے سے زائد کا ریلیف مہیا کیا، میپکو کے صارفین کے 08 ڈیفیکٹو میٹرز موقع پر ہی تبدیل کروادئے، اور ایک ٹرانسفارمر کو 50kv سے 100kv اپگریڈ کرنے کی منظوری کروادی۔ اور کمشنر IRD باسط عزیز خان نے لوگوں کے پرائیوٹ مسائل کو IRD پروگرام کے تحت حل کروا دیا جس پر لوگوں نے وفاقی محتسب آف پاکستان اعجاز احمد قریشی صاحب کا شکریہ ادا کیا۔ مزید براں صاحبان نے میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ادارہ وفاقی محتسب درخواست دہندہ کو ریلیف مہیا کرنے کی ہر ممکن کوشش کرتا ہے اور 60 دن کے مختصر سے عرصے میں بغیر کسی فیس اور وکیل کے فیصلہ کر دیا جاتا ہے اور میرٹ اور پالیسی کے مطابق مناسب ریلیف مہیا کر دیا جاتا ہے اس سلسلے میں متعلقہ محکموں کے دفاتر کی انسپکشن بھی کی جاتی ہے تاکہ لوگوں کے مسائل حل کروانے کے ساتھ ساتھ بدانتظامی بھی دور کی جائے۔ ادارہ وفاقی محتسب کے وژن اور پروگرام کے مطابق فوری، بلامعاوضہ اور سائل کی دہلیز پہ مفت انصاف مہیا کرنے کے وعدہ کی تکمیل کرنے کی بھرپور کوشش کی جارہی اس سلسلے میں مہینے میں ایک بار بہاولنگر کا دورہ کیا کریں گے تاکہ بہاولنگر۔ چشتیاں۔ ہارون آباد،. منچن آباد اور فورٹ عباس کے لوگوں کے مسائل کو حل کروایا جائے، مزید عوام سے گزارش ھے کہ ادارے کی اس سہولت سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھائیں اور شکایات وفاقی محتسب افس میں درج کروائیں *



بہاول پور: انوسٹی گیشن آفیسر وفاقی محتسب آفس بہاولپور شکیل احمد خان یوسف ذئی اور باسط عزیز خان کمشنر IRD گذشتہ روز میپکو کے ایس ای آفس چشتیاں ضلع بہاولنگر میں OCR پروگرام کھلی کچہری میں لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں۔

کرم والا ہے تیرا رب جس نے قلم کے ذریعے علم سکھایا۔ (القرآن)

ABC

روزنامہ صدائے قلم لاہور

چیف ایگزیکٹو
رانا شاہد محمود

ایڈیٹر
عمران علی نجفی


چیف ایڈیٹر
سردار شریف سوہڈل

جلد نمبر 30 | جمعرات 20 جولائی 2023ء، یکم محرم الحرام 1445ھ صفحات 6 قیمت 15 روپے | شمارہ 163


# انچارج وفاقی محتسب ریجنل آفس سرگودھا مشتاق احمد اعوان نے صوبائی

## محتسب آفس خوشاب میں وفاقی محکموں کے خلاف شکایات سنیں

جوہرآباد (عزیز الرحمان بوڑانہ سے) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی خصوصی ہدایت پر انچارج وفاقی محتسب ریجنل آفس سرگودھا مشتاق احمد اعوان نے صبح 10 بجے صوبائی محتسب آفس خوشاب میں وفاقی محکموں کے خلاف شکایات سنیں اور بیشتر شکایات کو موقع پر ہی ریلیف دے دیا گیا۔ اس موقع پر وفاقی محکموں کے افسران رپورٹس لے کر موجود تھے۔ جس پر انچارج وفاقی محتسب ریجنل آفس سرگودھا نے افسران کو ہدایات جاری کیں کہ سائلین کو وقت پر ریلیف فراہم کیا جائے۔



سائلین نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔ اس روز مزید نئی شکایات بھی موصول ہوئیں۔ جن پر کارروائی کے لئے رجسٹرڈ کرلیا گیا ہے۔

With Compliments of the
District Information Officer
KHUSHAB

Name of N.P روزنامہ ایکسپریس

Dated 20-7-23

## انچارج وفاقی محتسب مشتاق اعوان کی خوشاب میں کھلی کچہری، شکایات سنیں

خوشاب (نمائندہ ایکسپریس) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی خصوصی ہدایت پر انچارج وفاقی محتسب ریجنل آفس سرگودھا مشتاق احمد اعوان نے صبح 10 بجے صوبائی محتسب آفس خوشاب میں وفاقی محکموں کیخلاف شکایات سنیں۔ اس موقع پر وفاقی محکموں کے افسران رپورٹس لے کر موجود تھے۔ جس پر انچارج وفاقی محتسب ریجنل آفس سرگودھا نے افسران کو ہدایات جاری کیں کہ سائلین کو وقت پر ریلیف فراہم کیا جائے۔

www.jehanpakistan.pk
ABC CERTIFIED
روزنامہ
جہان پاکستان
کراچی
جمعرات یکم محرم الحرام 1445ھ 20 جولائی 2023ء

# وفاقی محتسب نے متاثرین بسیمہ کو 80 کروڑ بطور معاوضہ دلا دیئے

## معذور خواتین کو بیت المال سے ویل چیئرز دلوائی گئیں، گیپکو کی طرف سے بھیجا گیا اضافی بل واپس

### سکھر میں ریٹائرڈ افسر کو متعلقہ محکمے سے ساڑھے پانچ لاکھ روپے کے میڈیکل بل کی ادائیگی

کراچی (سٹی ڈیسک) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے بلوچستان میں بسیمہ خوشاب روڈ کے شکایت کنندہ متاثرین کو ڈپٹی کمشنر کے ذریعے 80 کروڑ روپے سے زائد رقم بطور معاوضہ دلوائی گئی اور معذور خواتین کو بیت المال سے ویل چیئرز دلوائی گئیں۔ گوجرانوالہ کے ایک رہائشی کا گیپکو کی طرف سے بھیجا گیا 70 ہزار سے زائد اضافی رقم کا بل واپس کرایا گیا۔ سکھر میں ایک ریٹائرڈ افسر کو متعلقہ محکمے سے ساڑھے پانچ لاکھ روپے کے میڈیکل بل کی ادائیگی کروائی گئی۔ خوشاب کے 82 سالہ بوڑھے اسکول ٹیچر کو 22 سال بعد نیشنل بینک سے اس کی جمع شدہ رقم واپس دلوائی گئی۔ فیصل آباد میں ایک بیوہ کو اسٹیٹ لائف انشورنس کمپنی سے تقریباً 30 لاکھ روپے کا کلیم دلوایا گیا۔ محکمے سے کرنٹ لگ کر وفات پا جانے والے لڑکے کی بیوہ ماں کو آٹھ لاکھ روپے معاوضہ دلوایا گیا۔ ایک ریٹائرڈ افسر کو 9 سال بعد پنشن، جنرل فنڈ بقایا جات و دیگر مراعات کی مد میں 94 لاکھ سے زائد اور وزارت انسانی حقوق سے ایک بیوہ کو دس سال بعد اس کے شوہر کی پنشن کے 32 لاکھ کے بقایا جات دلوائے گئے۔ یہ اور اس طرح کے سینکڑوں شکایت کنندگان (بقیہ صفحہ 6 پر)


وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی

### وفاقی محتسب

کے مسائل نہ صرف ساٹھ (60) دنوں میں حل کرکے ان کی مشکلات سے دوچار خاندانوں کو سرکاری محکموں سے ان کا جائز حق دلوانے والا ادارہ وفاقی محتسب سیکرٹریٹ اسلام آباد اپنے 17 علاقائی دفاتر کے ذریعے اس وقت ملک بھر میں پوری تندہی کے ساتھ عوامی خدمت میں مصروف عمل ہے۔ اسے غریبوں کی عدالت بھی اسی لئے کہا جاتا ہے کہ یہاں بغیر کسی فیس اور وکیل کے مفت اور فوری انصاف فراہم کیا جاتا ہے۔ وفاقی محتسب میں شکایت درج کرانے کا طریقہ انتہائی آسان ہے۔ سائل سادہ کاغذ پر درخواست لکھ کر آن لائن بھیج سکتا ہے۔ ڈاک یا موبائل ایپ کے ذریعے ارسال کرسکتا ہے اور خود آکر بھی جمع کرا سکتا ہے۔ شکایت موصول ہوتے ہی اس پر کارروائی شروع ہو جاتی ہے اور 24 گھنٹوں کے اندر اندر شکایت کنندہ کو اس کے موبائل پر اطلاع دے کر کیس کے فیصلے تک اسے ہر مرحلے پر باخبر رکھا جاتا ہے۔ یہاں شکایت کنندہ کو یہ خصوصی سہولت بھی حاصل ہے کہ کیس کی سماعت کے موقع پر اگر خود نہ آسکتا ہو تو وڈیو کال کے ذریعے شرکت کرکے اپنا موقف بیان کرسکتا ہے۔ 1983ء میں قائم ہونے والا یہ ادارہ اپنے قیام سے لے کر اب تک مقررہ اہداف کو پیش نظر رکھتے ہوئے گڈ گورننس، قانون کی حکمرانی اور انسانی حقوق کے تحفظ کے لئے بھرپور کردار ادا کر رہا ہے۔ محترم وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی طرف سے اٹھائے گئے نئے اقدامات کے باعث پچھلے سال سے اس ادارے کی کارکردگی میں مسلسل اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے۔ مثلاً 2022ء میں 174,164 شکایات موصول ہوئیں جو کہ سال 2021ء میں موصول ہونے والی 110,405 شکایات کے مقابلے میں 48 فیصد زیادہ ہیں جب کہ اس سال بھی 2023ء کی پہلی ششماہی میں 90,660 شکایات موصول ہوئی ہیں جو کہ 2022ء کی پہلی ششماہی میں موصول ہونے والی 68667 شکایات کے مقابلے میں 32 فیصد زیادہ ہیں۔

انگلینڈ اور پاکستان سے بیک وقت شائع ہونے والا اخبار

روزنامہ نوائے خلیل برطانیہ

بیاد: ملک شریف اعوان (مرحوم)

ایڈیٹر: ظفر اقبال بربرا

چیف ایڈیٹر: لارڈ ملک خلیل اعوان

مینجنگ ایڈیٹر: ظہیر عباس چشتی

جلد نمبر: 06 | جمعرات 01 محرم الحرام 1445ھ 05 ساون 20 جولائی 2023ء | قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 66

# ایڈوائزر وفاقی محتسب اعلی کی کھلی کچہری واپڈا کو فوری پول لگانے کی ہدایت

## صارفین کی درخواستوں کی سماعت کی اور فوری حل کے لیے احکامات جاری کیے



(نمائندہ نوائے خلیل) ایڈوائزر وفاقی محتسب اعلی کی کھلی کچہری واپڈا کو فوری پول لگانے کی ہدایت صارفین کی درخواستوں کی سماعت کی اور فوری حل کے لیے احکامات جاری کیے انصاف کے فوری حصول کے لیے ہم ہمہ وقت کوشاں ہیں ان خیالات کا اظہار عبدالمعید خواجہ ایڈوائزر وفاقی محتسب اعلی نے یہاں سائلین کی درخواستوں کی سماعت کے موقع پر کیا انہوں نے ایک دیہاتی محمد صدیق کی شکایت پر واپڈا کو ان کے دیہات میں فوری پول لگانے کی ہدایات جاری کیں انہوں نے کہا کہ صارفین کے مسائل کے حل کے لیے مہینہ وار کھلی کچہریاں منعقد کرنے سے دوررس نتائج برآمد ہو رہے ہیں اور ہر آنے والے صارف کی شکایت کو سنتے ہوئے فوری انصاف کے تقاضے پورے کیے جا رہے ہیں ہم عوام کو انصاف ان کی دہلیز پر پہنچانے کے لیے اپنی تمام تر کاوشیں بروئے کار لا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب اعلی اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر لوگوں میں آگاہی مہم شروع ہے صارفین اپنے مسائل کے حل کے لیے ہم سے فوری رابطہ کریں ان کی جائز شکایات فوری حل کی جائیں گی